بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

# اسلامیات

## جماعت دوم

یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

## ایک قوم، ایک نصاب

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

PECTAA
Transformation, Innovation and Excellence

پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق تیار کردہ اور قومی نظرِ ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔ جملہ حقوق بحق پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی، لاہور محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

منظور شدہ متحدہ علما بورڈ، پنجاب، لاہور [ بمطابق مراسلہ نمبر: ایم یو بی (پی سی ٹی بی / 4/ درسی کتب) 880/2021 مورخہ 15-02-2022]

تمام مکاتبِ فکر کے علما کرام پر مشتمل، اتحاد تنظیماتِ مدارس پاکستان (ITMP) کی مجوزہ کمیٹی کو وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت (MoFE&PT)، اسلام آباد نے مورخہ 20 اپریل 2017ء کو بمطابق مراسلہ نمبر F.3(8)/2015/E-III نوٹی فائی کیا۔ اس کمیٹی نے ''دی علم فاؤنڈیشن، کراچی'' کے مرتب کردہ قرآنِ مجید کے ترجمے پر مکمل اتفاق کیا، جسے اس درسی کتاب میں استعمال کیا گیا ہے۔

# فہرست

| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ** | |
| الف | حفظِ قرآن مجید | 1 |
| ب | حفظ و ترجمہ | 3 |
| ج | حدیثِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | 8 |
| د | دعائیں (زبانی) | 10 |
| | **بابِ دوم: ایمانیات و عبادات** | |
| | **(الف) ایمانیات** | |
| 1 | آسمانی کتابوں پر ایمان | 11 |
| 2 | فرشتوں پر ایمان | 14 |
| 3 | آخرت پر ایمان | 17 |
| | **(ب) عبادات** | |
| 1 | روزہ | 19 |
| 2 | عیدین اور اسلامی تہوار | 22 |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **بابِ سوم : سیرتِ طیبہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ** | |
| 1 | نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت و اطاعت | 26 |
| 2 | حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ | 29 |
| | **بابِ چہارم : اخلاق و آداب** | |
| 1 | اسلامی آدابِ زندگی | 32 |
| 2 | بڑوں کا ادب | 35 |
| 3 | جانوروں سے اَچھّا سلوک | 37 |
| | **بابِ پنجم : ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام** | |
| 1 | انبیائے کرام علیہم السّلام | 40 |
| | فرہنگ | 45 |



**زیرِ نگرانی:** محمد رفیق طاہر، جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر، قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد

**فوکل پرسن پنجاب برائے یکساں قومی نصاب:** عامر ریاض، ڈائریکٹر (کریکولم اینڈ کمپلائنس) پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی، لاہور

**مصنّفہ:** عمّارہ اعجاز

**اراکین قومی جائزہ کمیٹی**

- ڈاکٹر فخر الزمان (پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی)
- شائستہ خاتون (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)
- شہزادہ نعیم بابر (ادارہ نصابیات و مرکز توسیع تعلیم، کوئٹہ)
- عظمٰی حمید (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)
- شبانہ شاہین (نظامت نصاب و تعلیم اساتذہ، خیبر پختونخوا)
- ڈاکٹر سلمان شاہد (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)
- عبدالعزیز (محکمہ تعلیم، گلگت بلتستان)
- ایمن شریف (وفاقی تعلیمی ادارہ جات، کینٹ اینڈ گیریژن، راولپنڈی کینٹ)
- ڈاکٹر شاہ عبد الرؤف (پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی)
- ڈاکٹر خضر حیات (HED)
- ڈاکٹر نعیم حفیظ (HED)
- حافظ خالد محمود (SED)

**ڈیسک آفیسر:** منصورہ ابراہیم (قومی نصاب کونسل)

**تکنیکی معاونت:** نگہت لون ، اسفندیار خان

**نگرانِ طباعت:** ڈاکٹر شاہ عبد الرؤف سینئر ماہر مضمون / ڈپٹی ڈائریکٹر، پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی

**ڈائریکٹر (کریکولم اینڈ کمپلائنس):** عامر ریاض

**ڈپٹی ڈائریکٹر (کمپلائنس ہیومینیٹیز):** مہر صفدر ولید

**انچارج آرٹ سیل:** محترمہ عائشہ صادق

**کمپوزر:** جنید احمد

**ڈیزائنرز:** بشارت احمد ، شہباز جبّار ، حافظ انعام الحق



Web version of PECTAA textbook
Not for sale

باب اوّل

# قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## (الف) حفظِ قرآن مجید

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سورۃ الفلق اور سورۃ النّاس درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- معوّذتین کی اہمیّت و فضیلت جان سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## سُوْرَةُ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾
وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِی الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ ع

# سُوْرَةُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِۙ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِۙ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِۙ ﴿۳﴾
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ ﴿۴﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ
صُدُوْرِ النَّاسِۙ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

### فرمانِ مصطفٰی خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جب اپنے بستر پر آرام فرمانے کے لیے لیٹتے تو اپنی دونوں ہتھیلیوں پر " قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ " ، " قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ " اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر دم کرتے پھر دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرہ پر اور جسم پر پھیرتے۔ (صحیح بخاری، حدیث:6319)

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- سورۃ الفلق اور سورۃ النّاس کو درست تلفّظ کے ساتھ زبانی یاد کریں۔
- سبق میں دی گئی سورتوں کو صبح و شام اور خاص طور پر رات کو سونے سے قبل پڑھنے کا معمول بنائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو درست تلفّظ کے ساتھ معوّذتین یاد کروائیں۔
- طلبہ کو معوّذتین کی فضیلت سے آگاہ کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# (ب) حفظ و ترجمہ

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- دیے گئے کلمات کا ترجمہ مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر ان کو پڑھ سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا اسم گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام کرنا چاہیے۔
- روزمرّہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد کر سکیں۔

تو جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو اللہ کی پناہ لیں شیطان مردود سے۔ (سورۃ النحل، آیت: 98)

## تعوّذ

**اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ**

میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

اللہ تعالیٰ نے ہمیں سکھایا ہے کہ جب بھی قرآن مجید کی تلاوت شروع کریں تو پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ لیا کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- تعوّذ کو مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔
- یاد کریں اور رنگ بھریں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو تعوّذ پڑھنے کی اہمیت اور مواقع کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو تلاوت قرآن مجید سے قبل تعوّذ پڑھنے کی ترغیب دیں۔

# تَسْمِیَہ

ہر اچھّا کام شروع کرنے سے پہلے تَسْمِیَہ پڑھنی چاہیے۔

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

**ترجمہ:** اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

دینِ اسلام نے ہمیں جو آداب سکھائے ہیں۔ اُن میں سے ایک یہ ہے کہ ہم ہر اچھّا کام اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کریں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ ہمارے کاموں میں برکت ڈال دے اور اُس کی مدد ہمارے ساتھ شامل ہو جائے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### سرگرمیاں برائے طلبہ

- تسمیہ کو مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔
- تین کام سوچ کر بتائیں جن سے پہلے آپ تسمیہ پڑھتے ہیں۔
- تسمیہ میں موجود اللہ تعالیٰ کے دو صفاتی نام جانیں اور رنگ بھریں۔







برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو ہر اچھّا کام شروع کرنے سے پہلے تسمیہ پڑھنے کی مشق کروائیں۔
- طلبہ کو تسمیہ پڑھنے کے فوائد بتائیں۔

**فرمانِ مُصطفٰی خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

میرے اوپر کثرت سے درود (صلاۃ) بھیجا کرو، اس لیے کہ تمھارے درود مجھ پر پیش کیے جاتے ہیں۔
(سنن ابی داؤد، حدیث: 1531)

**مزید جانیے!**

بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے نبی (کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ) پر دُرُود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی اُن پر دُرُود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔ (سورۃ الاحزاب، آیت: 56)

# درود شریف

## صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ

اللہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر، آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی آل پر اور آپ کے صحابہ کرام پر رحمت اور سلامتی بھیجتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### سرگرمیاں برائے طلبہ

- رنگ بھریں اور زبانی یاد کریں۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ

- جُمعۃ المبارک کے دن درود شریف پڑھنے کا معمول بنائیں۔

**آئیں جانیں**

ہمیں ہر وقت اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر ادا کرتے رہنا چاہیے۔

**اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیے۔**

- طلبہ کو درود شریف کی فضیلت کے بارے میں بتائیں اور انھیں روز مرّہ زندگی میں کثرت سے درود شریف پڑھنے کی ترغیب دیں۔

# اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔



- مناسب مواقع پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنے کی عادت اپنائیں۔
- جن مواقع پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنا چاہیے ان کے اندر مختلف رنگ بھریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کھانا کھانے کے بعد | امتحان میں پاس ہونے پر | کتاب پڑھنے سے پہلے | تحفہ ملنے پر |
| سو کر اُٹھنے پر | نیا لباس پہن کر | پانی پینے کے بعد | چھینک آنے پر |
| | | | کسی کامیابی پر |

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو روزمرّہ کے کاموں میں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ پڑھنے کے مواقع کی نشان دہی کروائیں۔
- طلبہ کو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی اہمیت اور طریقے بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# یَرْحَمُكَ اللهُ

اللہ آپ پر رحم فرمائے۔

جب کسی کو چھینک آئے تو اسے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیے اور سننے والے کو یَرْحَمُكَ اللهُ کہنا چاہیے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

**مزید جانیے!**

ہمیں ہر وقت اللہ تعالیٰ سے رحم کی دُعا کرنی چاہیے۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔



**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو حدیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی روشنی میں اس دعا کا مفہوم اور اہمیت بتائیں۔

# (ج) حدیثِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

**حاصلاتِ تعلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- دو مختصر احادیث مبارکہ سمجھ سکیں۔
- سبق میں دی گئیں احادیثِ مبارکہ کو سمجھ کر روزمرّہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

**یاد رکھیے!**

جب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا اسم مبارک سُنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف پڑھیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

ہمارے پیارے نبی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

## مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ اس پر دس مرتبہ اپنی رحمت بھیجتا ہے۔

(صحیح مسلم، کتاب الصّلاۃ، حدیث: 384)

# اَلۡبِرُّ حُسۡنُ الۡخُلُقِ

نیکی اَچھّے اَخلاق کا نام ہے۔

(سنن ترمذی، حدیث:2389)

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔

اَلۡبِرُّ حُسۡنُ الۡخُلُقِ

**مزید جانیے!**

ہر اَچھّی عادت نیکی کی ایک صورت ہے۔

- سبق میں بیان کردہ احادیثِ مبارکہ کا مفہوم سمجھیں اور ان کی تعلیمات پر عمل کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ سے احادیثِ مبارکہ کی درست تلفّظ اور اعراب کے ساتھ جماعت میں بلند خوانی کروائیں۔
- طلبہ کو حُسنِ اَخلاق کا مظاہرہ کرنے کی ترغیب دیں۔

# (د) دُعائیں (زبانی)

**حاصلاتِ تَعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- والدین کے لیے دعا کو مع ترجمہ زبانی یاد کر کے اپنی روز مرّہ زندگی میں دُعا مانگنے کے عادی ہو جائیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ہمیں یہ دعا سکھائی ہے جس کے ذریعے ہم اپنے والدین کے لیے دعا کر سکتے ہیں:

**رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيۡ صَغِيۡرًا ؕ﴿۲۴﴾**

اے میرے ربّ! اِن دونوں پر رحم فرما جیسا کہ انھوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا۔

(سورۃ بنی اسرائیل، آیت:24)

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اساتذہ کرام کی مدد سے والدین کے لیے شکریے کا کارڈ بنائیں۔
- سبق میں بیان کردہ دُعا کو یاد کریں اور روزانہ پڑھیں۔
- درج بالا دُعا کو خوب صورتی سے لکھ کر اپنے گھر میں لگائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 23، 24 کی روشنی میں طلبہ کو احترام والدین کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ سے والدین کے احترام و محبت پر گفت گو کریں۔

باب دوم

# ایمانیات و عبادات

## (الف) ایمانیات

## (1) آسمانی کتابوں پر ایمان

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر آسمانی کتب نازل کی ہیں۔
- آسمانی کُتُب اور جن انبیائے کرام علیہم السّلام پر یہ کتب نازل ہوئیں، ان کے نام جان سکیں۔
- یہ جان لیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے اپنے خاص بندوں پر آسمانی کتابیں نازل کی ہیں۔ اپنے جن بندوں کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابیں نازل کیں انھیں نبی اور رسول کہتے ہیں۔ ہم ان تمام آسمانی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ:

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ج

اور جو لوگ اس پر ایمان رکھتے ہیں جو آپ (خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) کی طرف نازل فرمایا گیا اور اس پر (بھی) جو آپ (خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) سے پہلے نازل فرمایا گیا۔

(سورۃ البقرۃ، آیت: 4)

چار آسمانی کتابوں کے نام اور جن انبیائے کرام علیہم السّلام پر نازل فرمائی گئیں اُن کے نام یہ ہیں:

**آئیں جانیں**

اللہ تعالیٰ نے کچھ انبیائے کرام علیہم السّلام پر صحائف بھی نازل فرمائے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | تورات | حضرت موسیٰ علیہ السّلام پر نازل ہوئی۔ |
| 2۔ | زبور | حضرت داؤد علیہ السّلام پر نازل ہوئی۔ |
| 3۔ | انجیل | حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر نازل ہوئی۔ |
| 4۔ | قرآن مجید | حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر نازل ہوا۔ |

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔ یہ تمام انسانوں کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ اس کے بعد اب کوئی آسمانی کتاب نازل نہیں ہوگی۔ اس لیے قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے ضروری ہے کہ قرآن مجید کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی گزاریں۔

## مشق

### 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں: (الف) دو (ب) تین (ج) چار

۲۔ آخری آسمانی کتاب ہے: (الف) زبور (ب) انجیل (ج) قرآن مجید

۳۔ قیامت تک ہدایت کا سرچشمہ ہے: (الف) زبور (ب) انجیل (ج) قرآن مجید

### 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ________ کے لیے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں۔

۲۔ قرآن مجید ________ کا سرچشمہ ہے۔

۳۔ جن انبیائے کرام علیھم السّلام پر کتابیں نازل ہوئیں انھیں ________ بھی کہتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابیں کیوں نازل کیں؟

۲۔ آخری آسمانی کتاب کس رسول پر نازل ہوئی؟

۳۔ چار آسمانی کتابوں کے نام بتائیں۔

## 4 دیے گئے رسولوں علیہم السّلام کے ناموں کو ان پر نازل ہونے والی کتاب سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ | تورات |
| حضرت داوٗد علیہ السّلام | زبور |
| حضرت عیسیٰ علیہ السّلام | قرآن مجید |
| حضرت موسیٰ علیہ السّلام | انجیل |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## رنگ بھریں۔






برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو بتائیں کہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ آخری رسول اور نبی ہیں۔ قرآن مجید آخری آسمانی کتاب ہے۔
- صاحبِ کتاب انبیائے کرام علیہم السّلام اور ان پر نازل ہونے والی کُتب کے ناموں کا چارٹ بنوا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

# (2) فرشتوں پر ایمان

**حاصلاتِ تَعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں کے بارے میں جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔
- چار بڑے فرشتوں کے نام جان سکیں۔

فرشتوں پر ایمان لانے سے مراد یہ ہے کہ اس بات پر پختہ یقین رکھا جائے کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی نیک اور فرماں بردار مخلوق ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں نور سے بنایا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام مانتے ہیں اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے:

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

حضرت جبریل علیہ السّلام تمام فرشتوں کے سردار ہیں۔

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

اور فرشتے اپنے ربّ کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں۔

(سورۃ الشوریٰ، آیت: 5)

چار مشہور فرشتوں کے نام اور ان کے کام یہ ہیں:-

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | حضرت جبریل علیہ السّلام | اللہ تعالیٰ کا پیغام انبیائے کرام علیہم السّلام تک پہنچانا |
| 2۔ | حضرت عزرائیل علیہ السّلام | تمام جان داروں کی روح قبض کرنا |
| 3۔ | حضرت میکائیل علیہ السّلام | تمام جان داروں کے لیے رزق اور بارش کا انتظام کرنا |
| 4۔ | حضرت اسرافیل علیہ السّلام | قیامت سے پہلے صور پھونکنا |

فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی ذِمّہ داریاں دی ہیں۔ مثلاً انسانوں کے اعمال لکھنا، ہوائیں چلانا، بارش برسانا، وغیرہ۔ فرشتے اللہ تعالیٰ کے حکم سے کائنات کے سب کام کرتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں، اللہ تعالیٰ اور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کریں تاکہ ہم اس کے فرماں بردار بندوں میں شامل ہو سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے:

(الف) مٹی سے　(ب) آگ سے　(ج) نور سے

۲۔ فرشتوں کے سردار ہیں:

(الف) حضرت جبریل علیہ السّلام　(ب) حضرت اسرافیل علیہ السّلام　(ج) حضرت میکائیل علیہ السّلام

۳۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہر وقت عبادت میں مصروف رہتے ہیں:

(الف) انسان　(ب) فرشتے　(ج) جِنّات

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 2 کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| حضرت جبریل علیہ السّلام | موت دینا |
| حضرت میکائیل علیہ السّلام | صُور پھونکنا |
| حضرت عزرائیل علیہ السّلام | اللہ تعالیٰ کا پیغام انبیائے کرام علیہم السّلام تک پہنچانا |
| حضرت اسرافیل علیہ السّلام | رزق اور بارش کا انتظام |

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ فرشتے اللہ تعالیٰ کی کون سی مخلوق ہیں؟

۲۔ چار مشہور فرشتے کون سے ہیں؟

۳۔ فرشتے سب کام کس کے حکم سے سرانجام دیتے ہیں؟

## 4 فرشتوں کی کوئی سی چار ذمّہ داریاں تحریر کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## سرگرمی برائے طلبہ

- اساتذہ کرام کی مدد سے چار مشہور فرشتوں کے اسمائے گرامی اور ذمّہ داریوں پر مشتمل چارٹ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- فرشتوں کے حوالے سے طلبہ کے ذہن میں ابھرنے والے سوالات کا مستند معلومات سے جواب دیں۔

# (3) آخرت پر ایمان

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔
- آخرت اور جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔

تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ آخرت پر ایمان لائیں۔ آخرت پر ایمان لانے کا مطلب اس حقیقت کا یقین کرنا ہے کہ ہماری موجودہ دنیا ختم ہو جائے گی۔ اس کے بعد ایک نئی زندگی شروع ہو گی۔ جس دن اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو دوبارہ زندہ کرے گا۔ وہ آخرت کا دن ہو گا۔ قیامت کے دن ہمارے تمام اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔ جس کی نیکیاں زیادہ ہوں گی اس کو انعام میں جنّت دی جائے گی۔

**مزید جانیے!**

سب سے اعلیٰ جنّت، جنّتُ الفردوس ہے۔

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾

بے شک نیک لوگ ضرور نعمتوں (والی جنّت) میں ہوں گے۔ (سورۃ المطفّفین، آیت: 22)

جنّت میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی نعمتیں رکھی ہیں۔ ہم جس وقت جو کچھ بھی چاہیں گے وہ ہمیں مل جائے گا۔ جس کی برائیاں زیادہ ہوں گی وہ جنّت میں نہیں جا سکے گا اور ان تمام نعمتوں سے بھی محروم ہو جائے گا جو اللہ تعالیٰ نے جنّت میں نیک لوگوں کے لیے رکھی ہیں۔

آخرت کے دن کامیاب ہونا ہی اصل کامیابی ہے۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ اپنی زندگی کو اللہ تعالیٰ کی ہدایات کے مطابق گزاریں اور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کریں تاکہ ہم جنّت میں داخل ہو سکیں۔

## مشق

**1 درست جواب کا انتخاب کریں۔**

ا۔ آخرت کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جائیں گے:

(الف) تمام اعمال (ب) اچھے کام (ج) برے کام

Web version of PECTAA textbook Not for sale

۲۔ اصل کامیابی ہے:　(الف) سکول کی　(ب) آخرت کی　(ج) دنیا کی

۳۔ بے شک جنّت میں ہوں گے:　(الف) مال دار لوگ　(ب) نیک لوگ　(ج) خوب صورت لوگ

## 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ سب سے اعلیٰ جنّت ________ ہے۔

۲۔ جنّت میں وہ لوگ جائیں گے جن کی ________ زیادہ ہوں گی۔

۳۔ جنّت میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی ________ رکھی ہیں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ آخرت پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

۲۔ ہمارے تمام اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے کس دن پیش کیے جائیں گے؟

۳۔ جنّت میں جانے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں کہ آخرت میں کامیابی کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
- دیے گئے خانوں میں سے اچھّے کاموں کے گرد دائرہ لگائیں اور غلط کاموں پر (✗) کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| صدقہ دینا | کھانا کھلانا | کمزور کو مارنا |
| نماز پڑھنا | لڑائی کرنا | ہمیشہ سچ بولنا |

برائے اساتذہ کرام

- جنّت کی نعمتوں کے بارے میں تفصیل سے بتائیں کہ بچوں کے ذہن میں ایک خاکہ بن جائے۔
- بچوں سے نیک کاموں پر مشتمل چارٹ بنوائیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# (ب) عبادات

## (1) روزہ

**حاصلاتِ تعلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔
- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینا ہے۔
- سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔

روزہ اسلام کا اہم رکن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں پر رَمَضان المبارک کے روزے فرض کیے ہیں۔ روزے کا مطلب ہے کہ دن بھر کھانے پینے اور اللہ تعالیٰ کے منع کیے ہوئے کاموں سے باز رہا جائے۔

**دل چسپ بات**

رَمضان المبارک کے آخری عشرے میں ایک رات ایسی ہے جو ایک ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ اسے لیلۃ القدر (یعنی قدر والی رات) کہا جاتا ہے۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ

اے ایمان والو! تم پر روزہ رکھنا فرض کیا گیا ہے۔ (سورۃ البقرۃ، آیت: 183)

رَمضان المبارک کے پورے مہینے میں روزے رکھے جاتے ہیں۔ ہر مسلمان اس مہینے میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کثرت سے عبادت اور قرآنِ مجید کی تلاوت کی جاتی ہے۔ مسلمان اس مہینے میں ایک دوسرے کا روزہ افطار کرواتے ہیں۔ صدقہ اور خیرات کرتے ہیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

رَمضان المبارک میں روزے داروں کا روزہ افطار کروانے کا بہت اجر و ثواب ہے۔

رَمضان المبارک کے مہینے میں جنّت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس مہینے میں نیکیوں کے ثواب کو ستر گنا تک بڑھا دیتا ہے۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا ہے۔

''جس کسی نے رَمضان کے روزے ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے رکھے اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔''

(صحیح بخاری، کتاب الصّوم، حدیث: 1901)

اس لیے ہمیں رَمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرنی چاہییں تاکہ ہم اللہ تعالیٰ کو خوش کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ روزہ اسلام کا ہے: (الف) رکن (ب) طریقہ (ج) عقیدہ

۲۔ سحری کی جاتی ہے: (الف) فجر سے پہلے (ب) ظہر سے پہلے (ج) عصر سے پہلے

۳۔ روزہ افطار کیا جاتا ہے: (الف) ظہر سے پہلے (ب) مغرب کے وقت (ج) عشاء کے بعد

## 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں پر روزہ رکھنا ______ کیا ہے۔

۲۔ مسلمان رمضان المبارک میں ایک دوسرے کا روزہ ______ کرواتے ہیں۔

۳۔ رمضان المبارک میں ______ کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ رمضان المبارک میں نیکیوں کے ثواب کو کتنا بڑھا دیا جاتا ہے؟

۲۔ روزے کس اسلامی مہینے میں رکھے جاتے ہیں؟

۳۔ رمضان المبارک میں کرنے والے دو کام بتائیں۔

## 4 اسلامی مہینوں کے نام جانیں اور ان کا چارٹ بنائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 محرم الحرام | 2 صفر المظفر | 3 ربیع الاوّل | 4 ربیع الثّانی |
| 5 جمادی الاوّل | 6 جمادی الثّانی | 7 رجب المرجب | 8 شعبان المعظّم |
| 9 رمَضان المبارک | 10 شوّال المکرم | 11 ذوالقعدہ | 12 ذوالحجّہ |

**5** دیے گئے معمّہ میں سے درج ذیل الفاظ تلاش کریں

| نیکی | فجر | سحری | رمضان | روزہ |
|---|---|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | ن | ی | ک | ی | ر |
| ح | ی | ف | ج | ر | و |
| ر | م | ض | ا | ن | ز |
| ی | ی | ک | ب | ط | ہ |

**6** آپ جو کام رمضان المبارک میں کرتے ہیں ان کے سامنے اپنی پسند کا رنگ بھریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| افطاری کروانا | | سحری کرنا | |
| کھجور سے افطار کرنا | | جمعہ پڑھنا | |
| روزہ رکھنا | | تراویح پڑھنا | |

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- رمضان المبارک میں دوستوں کی افطاری کروائیں، اپنے محلہ میں غریب اور نادار لوگ تلاش کریں اور ان تک افطاری کا سامان پہنچائیں
- اپنے پہلے روزے کے بارے میں اپنے دوستوں کو بتائیں۔

برائے اساتذہ کرام

- بچوں کو ارکانِ اسلام کا تعارف کروائیں اور اسلامی مہینوں اور ارکانِ اسلام کے بارے میں نظمیں سنوائیں۔
- رمضان المبارک کے بارے میں اہم معلومات سحری، افطاری، لیلۃ القدر، اور طاق راتوں کا تعارف کروائیں۔

# (2) عیدین اور اسلامی تہوار

**حاصلاتِ تعلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- عیدین کا تعارف حاصل کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک کے بعد عید الفطر آتی ہے۔
- یہ جان سکیں کہ عید الاضحیٰ ذوالحجّہ کے مہینے میں آتی ہے۔
- عیدین کے موقع پر کیے جانے والے کاموں کے بارے میں جان سکیں۔
- پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو خوشی منانے اور شکر ادا کرنے کے لیے دو عیدیں عطا کی ہیں۔







Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## عیدالفطر

رمضان المبارک میں روزے رکھنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیں انعام کے طور پر عید الفطر عطا کی ہے۔ یہ رَمضان المبارک کے بعد آنے والے مہینے شوّال المکرّم کی پہلی تاریخ کو منائی جاتی ہے۔ اس روز اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو رَمضان المبارک کے روزوں اور راتوں میں عبادت کرنے کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ اس دن نمازِ عید سے پہلے کوئی میٹھی چیز کھانا سُنَّت ہے۔ عید الفطر کی نماز ادا کرنے سے پہلے فطرانہ ادا کرنا لازمی ہے تاکہ غریب مسلمان بھی عید کی خوشیوں میں شامل ہو سکیں۔

## عیدالاضحیٰ

عیدالاضحیٰ دس ذوالحجہ کو منائی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی حضرت ابراھیم علیہ السّلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں جو قربانی کی تھی، اس قربانی کی یاد میں یہ عید منائی جاتی ہے۔ مسلمان عیدالاضحیٰ کے موقع پر اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے حضرت ابراھیم علیہ السّلام کی سنّت کی پیروی میں جانور قربان کرتے ہیں۔ قربانی کے گوشت کے تین حصّے کیے جاتے ہیں۔ ایک حصّہ گھر والوں کے لیے رکھا جاتا ہے، دوسرا حصّہ رشتہ داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے اور تیسرا حصّہ غریبوں اور مسکینوں میں بانٹا جاتا ہے۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

#### عید کی سُنَّتیں

- اونچی آواز میں تکبیرات پڑھنا
- صاف سُتھرا لباس پہننا
- عید کا خطبہ خاموشی سے سننا
- خُوش بُو لگانا

ہمیں چاہیے کہ ان اسلامی تہواروں کو جوش و خروش سے منائیں اور اپنی خوشیوں میں غریبوں کو بھی یاد رکھیں۔

## عید کی تکبیرات

اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ،
اَللّٰہُ اَکْبَرُ، وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں۔

عید کی تکبیرات اونچی آواز میں پڑھنی چاہییں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ عیدالفطر منائی جاتی ہے:

(الف) یکم رجب المرجّب (ب) یکم شعبان المعظّم (ج) یکم شوّال المکرّم

۲۔ عیدالفطر پر ادا کیا جاتا/کی جاتی ہے:

(الف) عُشر (ب) فطرانہ (ج) زکوٰۃ

۳۔ اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر نبی جن کی یاد میں قربانی کی جاتی ہے ان کا اسم گرامی ہے:

(الف) حضرت آدم علیہ السّلام (ب) حضرت نوح علیہ السّلام (ج) حضرت ابراہیم علیہ السّلام

## 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ عیدالاضحیٰ پر مسلمان ____________ کرتے ہیں۔

۲۔ عیدالفطر کی نماز سے پہلے ____________ کھانا سنّت ہے۔

۳۔ عید کے دن اونچی آواز میں ____________ پڑھنی چاہییں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون سی دو عیدیں عطا کی ہیں؟

۲۔ عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟

۳۔ قربانی کس نبی علیہ السّلام کی سُنّت میں ادا کی جاتی ہے؟



Web version of PECTAA textbook
Not for sale

4 مسلمان کس کس جانور کی قربانی کرتے ہیں؟ نام لکھیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- عیدین کی سنتیں جانیں اور رنگ بھریں۔

**عیدین کی سُنّتیں**

- بلند آواز میں تکبیریں پڑھنا
- صاف سُتھرا لباس پہننا
- عیدالفطر کی نماز سے پہلے میٹھی چیز کھانا
- عید کا خطبہ خاموشی سے سننا
- قربانی کے گوشت کے تین حصّے کرنا

- عید کے دن کی مصروفیات اپنے دوستوں کو بتائیں۔
- جشن میلادالنبی کے جلوس کا آنکھوں دیکھا حال بیان کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو قربانی کے متعلق بتائیں۔
- طلبہ کو فطرانہ کا تعارف کروائیں اور اس کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے بارے میں بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

باب سوم

# سیرتِ طیّبہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## (1) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبّت و اطاعت

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔
- یہ جان سکیں کہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔

نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت ہمارے ایمان کی بنیاد ہے۔ کوئی بھی انسان اُس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اللہ تعالیٰ اور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبّت اُس کے دل میں دنیا کی ہر چیز سے زیادہ نہ ہو جائے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰہَ ۚ

جس نے رسول (خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ) کی اطاعت کی تو یقیناً اُسی نے اللہ کی اطاعت کی۔
(سورۃ النساء، آیت: 80)

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد ہے۔

جو میری اطاعت کرے گا وہ جنّت میں داخل ہو گا۔ (صحیح بخاری، حدیث: 7280)

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبّت کا تقاضا یہ ہے کہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ہر فرمان تسلیم کیا جائے۔ اپنی زندگی کے سب کام سُنّتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے مطابق انجام دیے جائیں۔

**ارشادِ باری تعالیٰ ہے:**

(اے نبی خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ!) فرما دیجیے اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو تم میری پیروی کرو اللہ (بھی) تم سے محبت فرمائے گا۔ (سورۃ آلِ عمران، آیت: 31)

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے اپنی جان، مال اور اولاد سے بڑھ کر محبت کرتے تھے۔ وہ ہر معاملے میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کرتے تھے۔

ہمیں چاہیے کہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے سب سے زیادہ محبت کریں اور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سُنّتوں پر عمل کریں۔

## مشق

### 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ جس نے رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کی اس نے اطاعت کی:

(الف) اللہ تعالیٰ کی (ب) انبیاءِ کرام علیہم السّلام کی (ج) فرشتوں کی

۲۔ جس نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت کی وہ ان کے ساتھ ہوگا:

(الف) مکّہ مکرّمہ میں (ب) مدینہ منوّرہ میں (ج) جنّت میں

۳۔ ہمیں سب سے زیادہ کس سے محبت کرنی چاہیے؟

(الف) والدین سے (ب) اساتذہ کرام سے (ج) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے ________ ایمان کی بنیاد ہے۔

۲۔ جو اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اسے ________ کی اطاعت کرنی چاہیے۔

۳۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم ہر معاملے میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ________ کرتے تھے۔

### 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت کا کیا تقاضا ہے؟

۲۔ اگر ہم اللہ تعالیٰ کو خوش کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں کس کی اطاعت کرنی چاہیے؟

۳۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے کتنی محبت کرتے تھے؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی درج ذیل سُنّتوں کے متعلق ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ گُفت گُو کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| السّلام علیکم کہنا | کمزوروں کی مدد کرنا | بڑوں کا احترام کرنا |
| صاف ستھرے رہنا | دائیں ہاتھ سے کھانا | جانوروں سے پیار کرنا |

- رنگ بھریں۔

حضرت



رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ



Web version of PECTAA textbook
Not for sale

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو سُنّت کا معنیٰ و مفہوم بتائیں۔
- طلبہ کو حُبِّ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں مزید بتائیں۔
- طلبہ کو چھوٹی چھوٹی سُنّتوں کے بارے میں بتائیں اور ان پر عمل کرنے کی تاکید کریں۔

# (2) حضرت محمد رسولُ اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اَخلاقِ حَسَنَہ

**حاصلاتِ تَعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے عَفو و درگزر، رحم دلی، ایفائے عہد کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

اَخلاقِ حَسَنَہ سے مراد اچّھی عادات ہوتی ہیں۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے بہترین اَخلاق کا مالک بنایا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

**وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝۴**

اور بے شک آپ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر ہیں۔ (سورۃ القلم، آیت: 4)

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ بہت رحم دل تھے اور لوگوں کی غلطیوں کو معاف فرما دیا کرتے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ اپنے دشمنوں کے ساتھ بھی اچھے اخلاق سے پیش آتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نہ صرف انسانوں پر بلکہ ہر جان دار چیز پر مہربان تھے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ وعدے کی پابندی کیا کرتے تھے۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد ہے:

**لَا دِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ**

جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں۔ (مُسندِ احمد، حدیث: 5140)

ہمیں چاہیے کہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سیرت پر عمل کرتے ہوئے اچھے اخلاق اپنائیں۔

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ اخلاقِ حسنہ کا مطلب ہے:

(الف) اچّھی عادات (ب) رہنا سہنا (ج) گُفت گُو کرنا

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تھے:

(الف) بہت رحم دل (ب) لوگوں کی غلطیوں کو معاف کر دیتے (ج) الف، ب دونوں

۳۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مہربان تھے:

(الف) انسانوں پر (ب) ہر جان دار پر (ج) الف، ب دونوں

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی ________ نہیں۔

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہر ________ چیز پر مہربان تھے۔

۳۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنے دشمنوں سے ______ پیش آتے تھے۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ ہمارے لیے کس شخصیّت کی زندگی بہترین نمونہ ہے؟

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ انسانوں اور جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے تھے؟

۳۔ وعدہ پورا کرنا کیوں اہم ہے؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- درج ذیل الفاظ معمّہ میں سے تلاش کریں اور رنگ بھریں۔

مہربان | نبی | رحمت | اخلاق | عہد

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | س | ر | ح | م | ت |
| ا | خ | ل | ا | ق | ط |
| ش | ل | ن | ب | ی | ا |
| ع | ہ | د | ت | ی | ء |
| م | ہ | ر | ب | ا | ن |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

- نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی جو صفات سبق میں بیان ہوئی ہیں ان میں سے دو بیان کریں۔

- رنگ بھریں۔




برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے حُسنِ اخلاق کے واقعات سنائیں۔
- طلبہ کو نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے رحمۃ للعالمین ہونے کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کو سیرتِ طیّبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی مختلف خصوصیات پر عمل کرنے کی ترغیب دیں۔

باب چہارم

# اَخلاق و آداب

## (1) اسلامی آدابِ زندگی

**حاصلاتِ تعلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- قرآن وسُنَّت کی روشنی میں روزمرّہ زندگی کے آداب جان سکیں۔
- کھانے پینے اور گُفت گُو کے آداب جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں ان آداب پر عمل کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

اسلام ایک مکمّل دین ہے۔ دینِ اسلام میں زندگی گزارنے کے بہت سے آداب سکھائے گئے ہیں۔ ہم معاشرے میں بہت سے لوگوں کے ساتھ مِل جُل کر رہتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہمیں زندگی گزارنے کے آداب معلوم ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کھانے پینے کی بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں اور اِن نعمتوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے اسلام میں آداب بھی سکھائے گئے ہیں۔ جن کا ہمیں خیال رکھنا چاہیے۔

کھانے پینے کے آداب درج ذیل ہیں:

### کھانے پینے کے آداب

- کھانا کھانے سے پہلے اچھی طرح ہاتھ دھوئیں۔
- کھانا شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیں۔
- کھانا دائیں ہاتھ سے کھائیں۔
- کھانے میں پھونک نہ ماریں۔
- کھانا ختم کرنے کے بعد اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ کہیں۔
- کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھوئیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

کھانا شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنا بھول جائیں تو کھانے کے درمیان پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ

میں اللہ کا نام لیتا ہوں ابتدا اور انتہا میں

(مسندِ احمد، حدیث: 7391)

کھانا کھانے کے بعد یہ دُعا پڑھیں:

**اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَطۡعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسۡلِمِیۡنَ**

تمام تعریف اُس اللہ کے لیے جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان بنایا۔ (مسندِ احمد، حدیث:7426)

## گُفت گُو کے آداب

ہمیں گُفت گُو کرتے ہوئے ان آداب کا خیال رکھنا چاہیے:

- زیادہ اونچی آواز میں نہیں بولنا چاہیے۔
- جب دو لوگ آپس میں بات کر رہے ہوں تو ان کے درمیان نہ بولیں۔
- بڑوں کے ساتھ ادب سے بات کریں۔
- دوسروں کی بات توجّہ سے سنیں۔

**مزید جانیے!**

ترجمہ: اور ایک دوسرے کو بُرے القاب کے ساتھ نہ پکارو۔

(سورۃ الحجرات، آیت:11)

ہمیں چاہیے کہ ہم بات کرتے ہوئے دوسروں کا خیال رکھیں۔ کسی کو اپنی گُفت گُو سے تکلیف نہ دیں اور کسی کا دل نہ دکھائیں۔

## مشق

**1** درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ کھانا شروع کرنے سے پہلے پڑھنا/ پڑھنی چاہیے:

(الف) اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ (ب) بِسۡمِ اللّٰہِ (ج) یَرۡحَمُكَ اللّٰہُ

۲۔ گفت گُو کے دوران آواز رکھنی چاہیے:

(الف) زیادہ اونچی (ب) زیادہ نیچی (ج) مناسب آواز

۳۔ کھانا کھانا چاہیے:

(الف) دائیں ہاتھ سے (ب) بائیں ہاتھ سے (ج) دونوں ہاتھوں سے

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ زیادہ ____________ آواز میں نہیں بولنا چاہیے۔

۲۔ دولوگ آپس میں بات کر رہے ہوں تو ان کے ____________ نہ بولیں۔

۳۔ کھانا کھانے کے بعد ہاتھ ____________ چاہییں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ ہمیں زندگی گزارنے کے آداب کس نے سکھائے ہیں؟

۲۔ کھانا ختم کرنے کے بعد کیا کہنا چاہیے؟

۳۔ گُفت گُو کے کوئی سے دو آداب بتائیں؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- جماعت میں مل کر کھانے کے آداب کے مطابق کھانا کھائیں۔
- کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دعا کا چارٹ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو کھانا ضائع کرنے سے بچنے کی تاکید کریں اور طریقے بتائیں۔
- گُفت گُو کے آداب کی کمرا جماعت میں بار بار مشق کروائیں۔
- طلبہ کو ان باتوں سے آگاہ کریں جو گُفت گُو کے آداب کے خلاف ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہاتھ دھونے کیوں ضروری ہیں؟

# (2) بڑوں کا ادب

**حاصلاتِ تعلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قرآن و سُنّت کی روشنی میں بڑوں کے ادب و احترام کے بارے میں جان سکیں۔
- بڑوں کے ادب و احترام کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- بڑوں کے احترام کی عادت کو اپنا سکیں۔

دینِ اسلام میں ہمیں بڑوں کا ادب کرنے کی بہت تاکید کی گئی ہے۔ ہمارے بڑے ہمیں اچّھی باتیں اور اچّھی عادات سکھاتے ہیں۔ ہمارا خیال رکھتے ہیں۔ ہماری حفاظت کرتے ہیں اور اچّھے کاموں پر ہمیں شاباش دیتے ہیں۔ ہمیں ان سب کا ادب کرنا چاہیے۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد ہے:

وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو ہمارے چھوٹوں پر مہربانی نہ کرے اور ہمارے بڑوں کی عزت نہ کرے۔

(جامع ترمذی، حدیث: 1921)

- بڑوں سے سلام میں پہل کریں۔
- بڑوں کا نام لے کر نہ پکاریں۔
- اپنے گھر کے بزرگوں کی ان کے کاموں میں مدد کریں۔
- راستے میں چلتے ہوئے ان کے آگے نہ چلیں۔
- اپنے والدین اور بڑے بہن بھائیوں کی بات مانیں۔

جب ہم بڑوں کا ادب کرتے ہیں تو وہ ہمیں خوش ہو کر دعا دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بھی ہم سے خوش ہوتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہمیشہ بڑوں کا ادب کریں۔

## مشق

**1** درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ ہم اپنے بڑوں سے سیکھ سکتے ہیں: (الف) اَچّھی باتیں (ب) اچھی عادات (ج) الف، ب دونوں

۲۔ بڑوں سے ملیں تو سب سے پہلے کریں: (الف) سلام (ب) بات (ج) نصیحت

۳۔ بزرگوں کی مدد کریں: (الف) باتوں میں (ب) کھانے میں (ج) کاموں میں

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 2 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ ہمارے بڑے ہمیں کیا سکھاتے ہیں؟

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم نے بڑوں کے احترام کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

۳۔ ہم بڑوں کا ادب کرتے ہیں تو وہ خوش ہو کر کیا کرتے ہیں؟

## 3 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ ہمارے بڑے ہمیں ________ سکھاتے ہیں۔

۲۔ بڑوں سے ملیں تو سلام میں ________ کریں۔

۳۔ ہمارے بڑے ہماری ________ کرتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اپنے اِرد گرد موجود اپنے سے تین بڑے لوگوں کے نام تحریر کریں جن کا آپ کو احترام کرنا چاہیے۔

| مسجد اور محلے میں | گھر اور خاندان میں | سکول میں |
|---|---|---|
| (1) ________ | ________ | ________ |
| (2) ________ | ________ | ________ |
| (3) ________ | ________ | ________ |

- آپ نے گھر میں موجود بڑوں سے کون کون سی باتیں سیکھی ہیں؟ سوچ کر آئیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔
- روز مرّہ زندگی میں آپ بڑوں کا ادب کیسے کرتے ہیں؟ اُستاد صاحب / اُستانی صاحبہ کو بتائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- بچوں سے اس سبق پر گُفت گُو کریں اور حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اس سبق کو تفصیل سے سمجھنے کے لیے سوالات کریں۔
- بچوں کو موجودہ حالات کے تناظر میں عمر میں بڑے اجنبی لوگوں سے رابطہ رکھنے کی حدود کے بارے میں بتائیں۔

# (3) جانوروں سے اَچھّا سلوک

**حاصلاتِ تعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ بات جان لیں کہ تمام جانور اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور ان سب کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔
- جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔
- جانوروں کے ساتھ اچھے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کر سکیں۔

جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے ہمارے فائدے کے لیے بنایا ہے۔ اسلام میں ہمیں تاکید کی گئی ہے کہ ہم ان سے اچھا سلوک کریں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَالۡاَنۡعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمۡ فِيۡهَا دِفۡءٌ وَّمَنَافِعُ

ترجمہ: اور اسی نے چوپائے پیدا فرمائے اُن میں تمھارے لیے گرم لباس ہے اور بھی بہت سے فائدے ہیں۔ (سورۃ النّحل، آیت: 5)

**مزید جانیے!**

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے منع کیا ہے کہ جانوروں کو باندھ کر ان پر نشانے بازی کی جائے۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جانوروں کو تکلیف دینے سے منع فرمایا ہے اور جانوروں پر رحم کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایک بار آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ایک اونٹ کو دیکھا جو بیمار تھا اور اس پر بھاری بوجھ لادا ہوا تھا۔ اس کا مالک بار بار اسے مارتا تھا۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اونٹ کے مالک سے فرمایا اپنے جانور پر رحم کرو یہ بیمار اور کمزور ہے۔ اس پر ظلم نہ کرو۔

ہمیں چاہیے کہ جانوروں کا خیال رکھیں۔ جو پالتو جانور گھر میں ہیں ان کے کھانے پینے کا خیال رکھیں اور انھیں گرمی سردی اور بارش سے بچائیں۔ جانوروں کو بلا وجہ نہ ماریں اور نہ ہی ان کو کوئی تکلیف پہنچائیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے:

(الف) سونے کے لیے (ب) صرف کھانے کے لیے (ج) انسانوں کے فائدے کے لیے

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے کس بیمار جانور کو دیکھا؟

(الف) بلّی (ب) اونٹ (ج) دنبہ

۳۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اونٹ کے مالک سے فرمایا:

(الف) جانور پر رحم کرو (ب) جانور پر ظلم نہ کرو (ج) الف، ب دونوں

## 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے ہمارے ____________ کے لیے بنایا ہے۔

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جانوروں کو تکلیف دینے سے ____________ فرمایا ہے۔

۳۔ ہمیں پالتو جانوروں کے کھانے اور ____________ کا خیال رکھنا چاہیے۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اونٹ کے مالک سے کیا فرمایا؟

۳۔ گھر میں موجود جانوروں کا خیال کیسے رکھنا چاہیے؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

4 کون کون سے جانور آپ گھر میں پال سکتے ہیں؟ نام لکھیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- آپ اپنے پالتو جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں؟ ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔
- آپ نے کبھی کسی زخمی یا بیمار جانور کی مدد کی ہے تو اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔
- اساتذہ کرام کی مدد سے قرآن مجید میں جانوروں کے نام پر موجود سورتوں کے نام لکھیں اور رنگ بھریں۔

سُورتیں

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو جانوروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کے بارے میں مزید تفصیل سے بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہم جانوروں سے کون کون سے فوائد حاصل کرتے ہیں؟

باب پنجم

# ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

## انبیائے کرام علیہم السّلام کا تعارف

**حاصلاتِ تعلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سابقہ انبیائے کرام علیہم السّلام میں سے حضرت آدم علیہ السّلام، حضرت نوح علیہ السّلام، حضرت ابراہیم علیہ السّلام، حضرت موسیٰ علیہ السّلام، حضرت داؤد علیہ السّلام، اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔
- انبیائے کرام علیہم السّلام پر نازل ہونے والی کتب اور صحائف کے بارے میں جان سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے بہت سے نبی اور رسول بھیجے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ

اور ہم نے ہر رسول کو صرف اس لیے بھیجا ہے کہ اللہ کے حکم سے اُس کی اطاعت کی جائے۔ (سورۃ النّساء، آیت: 64)

**مزید جانیے!**

تمام نبیوں اور رسولوں نے انسانوں کو توحید کی دعوت دی۔ توحید کا مطلب ہے صرف (ایک) اللہ کی عبادت کی جائے۔

حضرت آدم علیہ السّلام سب سے پہلے نبی اور انسان ہیں۔ سارے انسان حضرت آدم علیہ السّلام کی اولاد ہیں۔

حضرت نوح علیہ السّلام بھی اللہ تعالیٰ کے نبی اور رسول ہیں۔ آپ علیہ السّلام نے ساڑھے نو سو سال تک لوگوں کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچایا۔

حضرت ابراہیم علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی ہیں۔ آپ علیہ السّلام نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السّلام کے ساتھ مل کر خانہ کعبہ تعمیر کیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا لقب خلیل اللہ ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے نبی اور رسول ہیں۔ آپ علیہ السّلام نے اپنی قوم کو فرعون کے ظلم سے نجات دلائی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السّلام پر تورات نازل کی۔ آپ علیہ السّلام کا لقب کلیم اللہ ہے۔

فلسطین میں پیدا ہوئے

حضرت داؤد علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے نبی اور رسول ہیں۔ آپ علیہ السّلام پر زبور نازل ہوئی۔ آپ علیہ السّلام کو اللہ تعالیٰ نے ایک زبردست حکومت عطا کی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی اور رسول ہیں۔ آپ علیہ السّلام کی دعا سے بیماروں کو شفا ملتی تھی۔ آپ علیہ السّلام پر انجیل نازل ہوئی۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

حضرت داؤد علیہ السّلام کی آواز بہت سُریلی تھی۔ جب آپ زبور کی تلاوت کرتے تو پرندے بھی سننے کے لیے ٹھہر جاتے۔

سب سے آخر میں اللہ تعالیٰ نے دنیا کے تمام انسانوں کی ہدایت کے لیے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو بھیجا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد جو شخص نبوّت و رسالت کا جھوٹا دعویٰ کرے گا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر قرآن مجید نازل ہوا جو رہتی دنیا تک کے انسانوں کے لیے سرچشمہ ہدایت ہے۔

## مشق

**1 درست جواب کا انتخاب کریں۔**

ا۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے بھیجے:

(الف) فرشتے (ب) نبی اور رسول علیہم السّلام (ج) جنّات

۲۔ دنیا کے پہلے انسان ہیں:

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السّلام (ب) حضرت داؤد علیہ السّلام (ج) حضرت آدم علیہ السّلام

۳۔ بہت سُریلی اور خوب صورت آواز کے مالک تھے:

(الف) حضرت داؤد علیہ السّلام (ب) حضرت ابراہیم علیہ السّلام (ج) حضرت آدم علیہ السّلام

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 2 مناسب الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ حضرت موسیٰ علیہ السّلام ______ میں پیدا ہوئے۔

۲۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر ______ نازل ہوئی۔

۳۔ حضرت محمد رسولُ اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر ______ نازل ہوا۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو اللہ تعالیٰ نے کون سا معجزہ عطا کیا؟

۲۔ حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے کن کے ساتھ مل کر خانہ کعبہ کی تعمیر کی؟

۳۔ سارے انسان کس ہستی کی اولاد ہیں؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

دیے گئے الفاظ معمّے میں سے تلاش کریں اور رنگ بھریں۔

آدم | خلیفہ | فرشتہ | سجدہ | شیطان

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | ر | ش | ت | ہ | ش |
| خ | چ | ب | س | ء | ی |
| ل | آ | ن | ج | ی | ط |
| ی | د | و | د | س | ا |
| ف | م | ے | ہ | م | ن |
| ہ | ک | ا | ز | و | ش |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### دل چسپ بات

خانہ کعبہ (بیت اللہ) دنیا میں اللہ تعالیٰ کا پہلا گھر ہے جسے حضرت آدم علیہ السّلام نے تعمیر کیا۔ اور دوبارہ اس کی تعمیر حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے کی۔

رنگ بھریں۔



Web version of PECTAA textbook
Not for sale

سبق میں موجود انبیائے کرام علیہم السّلام کے نام خوش خط لکھیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# فرہنگ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| اخلاقِ حسنہ | اَچھّے اخلاق |
| اطاعت | پیروی |
| انبیاء | نبی کی جمع ،اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانوں کی ہدایت کے لیے پیغام لانے والے |
| انجام دینا | کسی کام کو مکمل کرنا |
| ایفائے عہد | وعدہ پورا کرنا |
| بابرکت | برکت والا/ والی |
| تسلیم کرنا | ماننا |
| جوش وخروش | جوش اور جذبہ |
| چوپائے | چار پاؤں والے جانور |
| حفظ کرنا | زبانی یاد کرنا |
| درگزر کرنا | معاف کرنا |
| فرماں بردار | حکم ماننے والا |
| قراءت | تلاوت کرنا |
| قواعد | اصول |
| کثرت | بہت زیادہ |
| معمول بنانا | عادت بنانا |
| معوّذتین | سورۃ الفلق اور سورۃ النّاس |
| موزوں | مناسب |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale